ترجمہ، ترتیب، تلخیص، تبیین :
مولانا عزیز زبیدی

الاستفتاء

مجلہ "الجامعۃ الاسلامیہ" (مدینہ منورہ) شمارہ ذی الحجہ ۱۳۹۶ھ، دسمبر ۱۹۷۶ء میں سماحۃ الشیخ، الرئیس العام" لادارات البحوث العلمیہ دارالافتاء والدعوۃ والارشاد" کا ایک فتویٰ شائع ہوا ہے جس کی ترتیب، تلخیص اور ترجمہ، مولانا عزیز زبیدی مدظلہ العالی کی طرف سے ہدیۂ قارئین ہے۔ (ادارہ)

سوالات:

(۱) رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہدیہ قبول فرماتے تھے، صدقہ نہیں، دونوں میں کیا فرق ہے؟

(۲) اسی طرح ہدیہ اور اعانت وہبہ میں کیا فرق ہے؟

(۳) صدقہ صرف رسولِ خدا کے لئے حرام تھا یا اہلِ بیتِ رسولؐ کیلئے بھی ویسے ہی حرام تھا؟

(۴) کیا آلِ فاطمہ بھی اس میں شامل ہے؟

(۵) یہ کیسے معلوم ہو کہ فلاں کا سلسلہ نسب حضرت فاطمہؓ پر منتہی ہوتا ہے اور اس کا تعلق اہل بیت سے ہے؟

الجواب:

۱ - ہدیہ اور صدقہ میں فرق:

ہدیہ کا محرک صرف محبت، دوستی اور احترام ہوتا ہے، صدقہ سے غرض صرف خدا ترسی اور حصولِ ثواب ہوتی ہے۔

۲ - اعانت اور ہبہ:

اگر ان سے غرض ثواب اور مؤاسات ہے تو دونوں صدقہ کے حکم میں ہیں، اگر مقصود دوستی بڑھانا یا مالی مکافات ہو تو پھر وہ ہدیہ کی قسم بن جاتے ہیں۔ کیونکہ صدقہ سے غرض دوستی بڑھانا یا مکافات نہیں ہوتی بلکہ صرف ثواب اور رب کی خوشنودی ہوتی ہے۔ بہرحال جس طرح رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ہدیہ مباح اور صدقہ ممنوع تھا۔ بالکل اسی طرح اہل بیت اور آلِ فاطمہؓ کے لئے بھی ہے۔ یعنی ہدیہ جائز، صدقہ ممنوع[1]

نسب کے ثبوت کا طریقہ:

نسب کے ثبوت کیلئے متعدد طریقے ہیں:

(الف) ثقہ اور معروف مؤرخین نے تصریح کی ہو کہ فلاں خاندان یا فرد کا تعلق اہل بیت سے ہے۔

(ب) یا اس کے پاس اس کے ثبوت کیلئے کوئی مستند دستاویز اور وثیقہ ہو۔

(ج) یا علاقہ میں شروع سے اس کا سلسلہ معروف و مشہور ہو۔

(د) یا شرعی شہادت موجود ہو یعنی کم از کم دو مستند گواہ تاریخ اور انساب سے جن کی دلچسپی معروف اور قابلِ استناد سمجھی جاتی ہو۔

مجرد دعویٰ:

باقی رہے زبانی کلامی دعوے، سو ان کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ ہاں اگر مدعی اپنے اس دعویٰ پر قائم ہے

[1] صدقہ کی دو قسمیں ہیں، ایک نفلی دوسرا فرضی۔ نفلی کے بارے میں اختلاف ہے کہ بنو ہاشم کیلئے حرام ہے یا نہیں۔ اکثر احناف، شوافع، حنابلہ کے نزدیک حلال ہے:

"واما آل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال اکثر الحنفیۃ وھو المصحح عن الشافعیۃ والحنابلۃ وکثیر من الزیدیۃ انھا تجوز لھم صدقۃ التطوع"

(نیل الاوطار)

امام ابویوسف اور ابوالعباس کے نزدیک نفلی صدقہ بھی فرضی صدقہ کی طرح حرام ہے کیونکہ حدیث میں اس کی تفصیل نہیں آئی۔

"وقال ابویوسف وابوالعباس انھا تحرم علیھم کصدقۃ الفرض . . . الخ" (نیل ص۱۴۵)

ہمارے نزدیک یہی صحیح مسلک ہے۔ حضرت سلمان فارسیؓ جو "عبد" تھے حضورؐ کی خدمت میں صدقہ لائے تو آپؐ نے اسے بھی لینے سے انکار کر دیا

کرانے اپنے طور پر صدقات کے لینے پر اصرار کرنا چاہیے ... اس کے

ہونے کا مدعی ہے اس کے لیے شرعی ثبوت ہو یا نہ ہو بہرحال لوگوں کو بھی اس کے دعویٰ کے مطابق اسکے ساتھ معاملہ کرنا چاہیئے یعنی اس کو زکوٰۃ نہیں دینی چاہیئے۔

(مجلہ الجامعۃ الاسلامیہ بالمدینۃ المنورہ ص ۱۲۷، ذی الحجہ ۱۳۹۶ھ)

(۲)

"عن جویریۃ بنت الحارث قالت تصدق علی مولاۃ لی بعضو من لحم فاھدتہ لی وانت لا تاکل الصدقۃ فقال قد بلغت محلھا فھاتیہ فاکل منہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" (طحاوی)

یہ دونوں روایات قابل احتجاج ہیں، حضرت سلمان فارسیؓ غلام تھے، غلام صاحب زکوٰۃ نہیں ہوتا (طحاوی)، مگر صدقہ کہہ کر حضور کی خدمت میں پیش کیا تو معلوم ہوا کہ وہ نفلی صدقہ ہوگا جس سے آپ نے انکار کیا۔ جویریہ نے بتایا ہے کہ لونڈی کو گوشت کا ایک ٹکڑا بطور صدقہ دیا گیا تھا۔ ظاہر ہے یہ بھی نفلی صدقہ ہوسکتا ہے۔ وہو المقصود۔

<u>فرضی صدقہ:</u>

اس میں بھی اختلاف ہے مگر جمہور کے نزدیک اب بھی بنو ہاشم پر زکوٰۃ حرام ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے بعض حالات کی وجہ سے ان کیلئے اب اسے جائز کہا ہے لیکن اس سے کم اتفاق کیا گیا ہے۔ امام موصوف کا کہنا ہے کہ پہلے خمس میں سے ان کو حصہ ملتا تھا، چونکہ اب وہ نہیں رہا لہٰذا اب اسے جائز ہونا چاہیئے۔ لیکن اس صورت میں تو ممکن ہے کہ ان پر کمائی کے دوسرے دروازے بند ہوں اور اضطرار کا عالم ان پر طاری ہوگیا ہو اور وہ بھوکوں مرنے لگے ہوں یا ان کو مفت خوری کیلئے اسلام کی طرف سے کوئی پروانہ دیا گیا ہو کہ پلنگ پر دراز گھر بیں پڑے سب کچھ کھاتے پیتے رہیں۔ اگر یہ بات نہیں ہے تو پھر حرام کو ان کیلئے حلال بنانے کی کوشش چھوڑ دیں۔

اصل بات یہ ہے کہ اگر خمس کا سلسلہ چل نکلے تو اس میں ان کا حق بنتا ہے، اگر باقی نہیں رہتا تو یہ کہاں لکھا ہے کہ وہ اور کام نہ کریں، اب زکوٰۃ کی راہ دیکھا کریں، میاں اب خمس نہیں رہا تو آپ کا حصہ بھی ختم، لہٰذا ہاتھ پاؤں ہلا کر کمائیں، کھائیں اور کھلائیں۔ (عزیز زبیدی۔ واربرٹن۔ ضلع شیخوپورہ)

(بقیہ صفحہ گذشتہ) رطب فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ما ھذا یا سلمان؟ قال صدقۃ علیک وعلی اصحابک قال ارفعھا فانا لا نأکل الصدقۃ" الحدیث (طحاوی ص ۳۵۲/۱)